سوال

انعام کی رقم

جواب

ٹیموں سے پیسے لیکر انعام دینا السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ اگر تین ٹیمیں ہوں اور وہ آپس میں کوئی کھیل ، کرکٹ فٹبال وغیرا کھیلیں ، داخلا فیس ۰۰ ۵ روپے ہو۔ اور جیتنے والی ٹیم کو ۱۵۰۰ انعام کے طور پر دیے جائیں یہ صحیح ہے یا جوئے کے زمرے میں آتا ہے ۔ ؟ الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ! الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، اما بعد! یہ جوئے کی شکل ہی نظر آتی ہے ، ہاں البتہ ٹیموں سے پیسے لینے کی بجائے اگر کوئی تیسرا آدمی اپنی جیب سے انعام دے دے تو وہ صورت درست ہوگی ۔ ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب فتوی کمیٹی محدث فتوی